INAM / Sadiq

21-01-2025

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ ماجد علی

**Music**

------------------------------

☆ چھتیس گڑھ - اڈیشہ سرحد پر ماؤ نوازوں کے خلاف مشترکہ کارروائی میں 14 ماؤ نواز مارے گئے ہیں، جن میں سے ایک ماؤ نواز پر ایک کروڑ روپے کا انعام تھا۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے بھارت سے نکسلی سرگرمیوں کا خاتمہ کرنے کی سمت کامیابی کیلئے سکیورٹی دستوں کی ستائش کی ہے۔

☆ مغربی بنگال سرکار نے RG Kar آبرو ریزی اور قتل کیس کے مجرم سنجے روئے کیلئے سزائے موت کا مطالبہ کرتے ہوئے، کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔

☆ BJP نے دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کے چناؤ منشور کا دوسرا حصہ جاری کردیا ہے۔ پارٹی نے مقابلہ جاتی امتحانات کیلئے نوجوانوں کے واسطے 15 ہزار روپے کی مالی امداد اور ضرورتمند طلباء کیلئے KG سے لے کر پوسٹ گریجویٹ تک مفت تعلیم کا وعدہ کیا ہے۔

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے عہدہ سنبھالنے کے بعد کئی ایگزیکیٹیو احکامات پر دستخط کئے ہیں، جن میں عالمی صحت تنظیم اور آب و ہوا سے متعلق پیرس سمجھوتے سے امریکہ کے الگ ہونے کا معاملہ بھی شامل ہے۔

☆ اور کوالالمپور میں 19 سال سے کم عمر لڑکیوں کے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں گروپ اے کے میچ میں موجودہ چیمپئن بھارت نے میزبان ملیشیا کو 10 وکٹ سے کراری شکست دی۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Chhattsigarh encounter**

چھتیس گڑھ اور اڈیشہ سرحد پر پچھلی رات ایک بین ریاستی مشترکہ کارروائی میں کم از کم 14 ماؤنواز مارے گئے۔ گولی باری میں مارے گئے 14 ماؤنوازوں میں وہ ماؤنواز بھی شامل ہے، جس پر ایک کروڑ روپے کا انعام تھا۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ Kulharighat ریزرو جنگلاتی علاقے میں بڑی تعداد میں ماؤ نوازوں کے چھپے ہونے کی اطلاعات ملنے کے بعد چھتیس گڑھ اور اڈیشہ پولیس اور CRPF نے ایک مشترکہ بین ریاستی کارروائی شروع کی۔ چھتیس گڑھ کے Gariabandh ضلعے اور اڈیشہ کے Nuapada ضلعے کے سرحدی علاقوں میں یہ کارروائی انجام دی گئی۔ سیکورٹی فورسز اور ماؤنوازوں

کے درمیان 24 گھنٹے تک گولیوں کا رَہ رَہ کر تبادلہ ہوتا رہا۔سبھی 14 ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ سیکورٹی فورسز نے بڑی تعداد میں اسلحہ بارود، بَم اور ایک خود لوڈ ہونے والی رائفل برآمد کی ہے۔علاقے میں بڑے پیانے پر تلاشی کی کارروائی جاری ہے۔

**Shah Naxal**

وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت کونکسلزم سے پاک بنانے کی سمت میں سیکورٹی فورسز نے ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ مرکزی ریزرو پولیس فورس اور اُڈیشہ اور چھتیس گڑھ پولیس کے اسپیشل کارروائی گروپوں نے اُڈیشہ، چھتیس گڑھ سرحد پر ایک مشترکہ کارروائی میں 14 نکسلیوں کو مار گرایا ہے۔ انھوں نے مزید بتایا کہ حکومت اور سیکورٹی فورسز کی مشترکہ کوششوں سے بھارت نکسلزم سے پاک بنے گا۔ x

**PM Statehood Day**

وزیراعظم نریندرمودی نے آج منی پور، میگھالیہ اور تری پورہ کے یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ اپنے ایک پیغام نے جناب مودی نے کہا کہ ملک کی ترقی میں منی پور کے عوام نے جو کردار ادا کیا ہے، اُس پر پورے ملک کو فخر ہے۔ میگھالیہ کے لیے وزیراعظم نے کہا کہ میگھالیہ اپنی قدرتی خوبصورتی اور وہاں کے عوام کی صنعتی فطرت کے لیے جانا جاتا ہے۔ انھوں نے آنے والے وقت میں ریاست کی مسلسل ترقی کیلئے دعا بھی کی۔ تری پورہ کے بارے میں جناب مودی نے کہا کہ یہ ریاست ملک کی ترقی مین قابل قدر تعاون دے رہی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ تری پورہ اپنی مالا مال ثقافت کیلئے جانا جاتا ہے۔ x

**WB - R G Kar Medical - HC**

مغربی بنگال سرکار نے سنجے روئے کو عمرقید کی سزا سنائے جانے کے خصوصی عدالت کے فیصلے کو چیلنج کرتے ہوئے اور اُسے سزائے موت دیئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے، کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے۔ پچھلے سال اگست میں کولکاتہ کے R.G. Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک خاتون جونیئر ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کیس میں سنجے روئے کو قصوروار قرار دیا گیا تھا۔ ریاست کے ایڈووکیٹ جنرل کِشور دتّہ نے اِس سلسلے میں جسٹس دیوانشو باسَک اور جسٹس Shabbar Rashidi کی ڈویژن بینچ سے رجوع کیا۔ مذکورہ بینچ نے ریاستی سرکار کی درخواست سماعت کیلئے قبول کرلی ہے۔ ریاست کی وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی نے کَل یہ اعلان کیا تھا کہ ریاستی سرکار مجرم کو سزائے موت دیئے جانے کا مطالبہ کرتے ہوئے، کلکتہ ہائی کورٹ سے رجوع کرے گی۔ محترمہ ممتابنرجی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُن کا یہ ماننا ہے کہ یہ ایک وحشیانہ جرم ہے اور اِس کیلئے موت کی سزا دی جانی چاہیئے۔ x

**BJP Sankalp Patra**

BJP نے مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے دلّی کے نوجوانوں کو 15 ہزار روپے کی مالی مدد دینے کا وعدہ کیا ہے۔ دلّی اسمبلی انتخابات کے لیے سنکلپ پتر کا دوسرا حصہ جاری کرتے ہوئے BJP کے سینئر لیڈر انوراگ ٹھاکر نے کہا کہ BJP سرکاری تعلیمی اداروں میں ضرورتمند طلبہ کے لیے KG سے PG تک مفت تعلیم فراہم کرے گی۔ جناب ٹھاکر نے اعلان کیا کہ اگر BJP دلّی میں سرکار بناتی ہے، تو درج فہرست ذاتوں کے طلبہ کو ٹیکنیکل اور پروفیشنل کورسز حاصل کرنے کے لیے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر Stipend اسکیم کے تحت ایک ہزار روپے ماہانہ Stipend کیا جائے گا۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ BJP آٹو رکشہ ڈرائیوروں کو پانچ لاکھ روپے کا گاڑی کا انشورنس اور حادثے کا انشورنس جبکہ دَس لاکھ روپے کا لائف انشورنس دے گی اور اُن کے بچوں کو وظیفے دے گی۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ PM سوانِدھی یوجنا کے مستفدین کی تعداد کو دُگنا کردیا جائے گا۔x

**Davos - India Pavilion**

خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے محکمے کے وزیر چراغ پاسوان نے ہنرمندی کے فروغ کے وزیرِ مملکت جَینت چودھری کے ہمراہ

سوئٹزرلینڈ کے شہر **Davos** میں عالمی اقتصادی فورم کی سالانہ میٹنگ کے موقع پر بھارتی پویلین کا افتتاح کیا۔ جناب پاسوان نے کہا کہ بھارت کی ترقی سے پوری دنیا کے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جناب چراغ پاسوان نے کہا کہ وہ عالمی سطح پر مفید تال میل اور تعاون کے متمنی ہیں۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ نریندر مودی سرکار چاہتی ہے کہ بھارت عالمی سطح پر غذائی اشیاء کا ایک بڑا مرکز بنے۔ بعد میں جناب پاسوان نے خوراک کو ڈبہ بند کرنے کے شعبے کو مستحکم بنانے اور پائیدار طور طریقوں کو بڑھاوا دینے کے بارے میں **Coca Cola** کے **COO** کے ساتھ میٹنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ اِس اشتراک سے وہ بھارتی صنعت کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے کام کریں گے۔ مہاراشٹر کے وزیرِ اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور تلنگانہ کے وزیرِ اعلیٰ **Revanth Reddy** بھی اِس موقع پر دیگر بھارتی رہنماؤں کے ساتھ وہاں موجود تھے۔ **x**

**Goyal Belgium**

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے آج **Brussels** میں بیلجیئم کے وزیر خارجہ اور غیر ملکی تجارت کے وزیر **Bernard Quintin** سے باہمی بات چیت کی۔ دونوں لیڈروں نے بیلجیئم کے غیر ملکی تجارت پر انحصار اور باہمی مواقع حاصل کرنے میں بھارت کی متنوع اور ترقی پذیر معیشت کو ایک اہم عنصر کے طور پر تسلیم کیا۔ دونوں لیڈروں نے یورپی یونین-بھارت آزاد تجارتی سمجھوتہ پر بات چیت کی پیش رفت پر بھی تبادلۂ خیال کیا اور اقتصادی تعلقات اور بات چیت کو بہتر کرنے کے لیے تجارت کے معاملات کو ترجیح دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ **2023-24** میں بھارت اور بیلجیئم کے درمیان تجارت کا تخمینہ **15**بلین ڈالرس کا تھا، جبکہ بیلجیئم سے بھارت میں غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کے لیے تقریباً چار بلین ڈالر کا تخمینہ لگایا گیا تھا۔ **x**

**Trump Executive Orders**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دوسری مرتبہ امریکہ کے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے چند گھنٹوں کے اندر ہی ریکارڈ تعداد میں ایگزیکیٹو احکامات پر دستخط کئے ہیں۔ بڑی تعداد میں موجود لوگوں نے پُرجوش انداز سے اُن کا خیرمقدم کیا اور ٹرمپ نے کئی احکامات پر دستخط کئے۔ اِس کے علاوہ ، بعد میں وہ وہائٹ ہاؤس سے بھی مزید احکامات جاری کرتے رہے۔

اپنی افتتاحی تقریر میں ٹرمپ نے سابقہ بائڈن انتظامیہ کی کلیدی پالیسیوں کو بدلنے کیلئے پہلے ہی دن بڑے اقدامات کا اعلان کیا۔ اِس کے بعد صدارتی پریڈ کا مشاہدہ کرنے کے بعد انہوں نے ایک اور تقریر کی اور **80** ایگزیکیٹیو احکامات پر دستخط کئے۔

اِن میں ٹرمپ نے امیگریشن کو کنٹرول کرنے، زیرِ زمین ایندھن کی پیداوار کو فروغ دینے اور **2021** کے آب و ہوا سے متعلق پیرس سمجھوتے سمیت ماحولیاتی ضابطوں کو واپس لئے جانے پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

ایک اہم حکم نامے میں صدر ٹرمپ نے عالمی صحت تنظیم **WHO** سے علیحدہ ہونے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے ایسا کرنے کی کئی وجوہات کا تذکرہ کیا ہے، جس میں کووڈ **19** عالمی وباء سے غلط طریقے سے نمٹنا اور فوری ضرورت کی حامل اصلاحات اختیار کرنے میں **WHO** کی ناکامی کا معاملہ شامل ہے۔ ٹرمپ نے **WHO** پر چین کے تعلق سے طرفداری کرنے کا الزام لگایا۔

عالمی صحت تنظیم سے امریکہ کے علیحدہ ہونے کے فیصلے کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ ایک سال کے اندر اندر اقوامِ متحدہ کی صحت سے متعلق ایجنسی کو چھوڑ دے گا اور اِس کے کام کیلئے دی جانے والی ہر طرح کی مالی امداد روک دے گا۔ امریکہ تنظیم کو سب سے زیادہ مالی امداد فراہم کرتا رہا ہے، جو اس کے مجموعی اخراجات کا تقریباً **18** فیصد ہے۔

دیگر فیصلوں میں صدر ٹرمپ نے وفاقی ملازمین کیلئے گھر سے کام کرنے کی پالیسی ختم کردی ہے۔ مذکورہ حکم نامے کے تحت ملازمین کو کُل وقتی طور پر کام کیلئے دفتر واپس آنا ہوگا اور کچھ حالات میں ہی انہیں اِس کی چھوٹ دی جائے گی اور اِس کا انحصار متعلقہ محکمے کے سربراہ کی منظوری پر ہوگا۔

توانائی سے متعلق پالیسی کے بارے میں صدر ٹرمپ نے کانکنی پر عائد پابندی ہٹاتے ہوئے قومی توانائی ایمرجنسی کا اعلان کیا اور زیرِ زمین ایندھن کی پیداوار کی حوصلہ افزائی کی بات کہی۔

ایک اور اہم ایگزیکیٹیو حکم نامے کا مقصد اظہارِ رائے کی آزادی کو بحال کرنا اور وفاقی سینسر شپ کا سلسلہ ختم کرنا ہے۔

ایک متنازعہ قدم اٹھاتے ہوئے، صدر ٹرمپ نے خلیجِ میکسیکو کا نام بدل کر خلیجِ امریکہ رکھنے کے حکم پر دستخط کئے ہیں۔ انہوں نے امریکہ میں صرف دو **Gender** مرد اور عورت کو تسلیم کرنے کی پالیسی کا بھی اعلان کیا۔ اِس کے علاوہ، ٹرمپ نے الیکٹرک موٹر گاڑیوں سے متعلق بائیڈن انتظامیہ کی گرین پالیسی بھی ختم کردی ہے اور پھر سے توانائی کے روایتی وسائل پر توجہ مرکوز کی ہے۔ ٹرمپ نے اپنے صدارتی اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، **6** جنوری **2021** میں **Capitol** فسادات میں ملوث ڈیڑھ ہزار سے زیادہ افراد کو معافی دینے کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے اِسے سابقہ انتظامیہ کی ناانصافی کو ختم کرتے ہوئے ایک درست قدم سے تعبیر کیا۔ **x**

**Trump Administration**

امریکہ کی سینیٹ نے **Marco Rubio** کو ٹرمپ انتظامیہ میں امریکہ کے **72** ویں وزیر خارجہ کے طور پر تقرری کی تصدیق کی ہے۔ امریکہ کی سینیٹ کی سرکاری ویب سائٹ کے مطابق **Rubio** نے **119** ویں کانگریس کے پہلے اجلاس کے دوران صفر کے مقابلے **99** ووٹ حاصل کیے۔ وہائٹ ہاؤس نے بھی ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اُن کی تقرری کی تصدیق کی ہے۔ اُدھر بھارت نژاد آنتر پُرونور وویک راما سوامی اَب ٹیسلا کے **CEO** اِیلن مسک کے ساتھ حکومت کی مہارت کے محکمے کے مشترکہ سربراہ نہیں رہیں گے۔ پیر کے روز ٹرمپ کی حلف برداری کی تقریب کے بعد وہائٹ ہاؤس نے اِس بات کی تصدیق کی۔ **x**

**WB Jommotithi Vivekananda**

آج پورے مغربی بنگال میں سوامی وویکا نند کی **163**ویں **Jonmotithi** منائی جارہی ہے۔ شمالی کولکاتہ کے **Simla** اسٹریٹ علاقے میں جناب وویکا نند کی جائے پیدائش پر خصوصی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔**x**

**Cricket**

کوالالمپور کے **Oval** اسٹیڈیم میں **19** سال سے کم عمر کی لڑکیوں کے ٹی ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں گروپ اے میں دفاعی چمپئن بھارت اور میزبان ملیشیا کے درمیان میچ میں بھارت نے ملیشیا کو دَس وکٹ سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ملیشیا نے **14** اوور اور تین گیندوں میں **31** رَن بنائے،جبکہ بھارت نے یہ ہدف بغیر وکٹ کھوئے دو اوور اور پانچ گیندوں میں حاصل کرلیا۔ بھارت کی طرف سے **Gongadi Trisha** نے **27** رَن بنائے۔ اِس سے قبل بھارت ٹاس جیتا اور گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ اتوار کے روز بھارت نے ویسٹ انڈیز کو **9** وکٹ سے ہراکر ٹورنامنٹ میں اپنے خطاب کے دفاع کی شروعات کی۔ گروپ ا ے کے ایک دیگر میچ میں ویسٹ انڈیز کا مقابلہ سری لنکا سے ہوگا۔**x**

**xxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxxx**